*This Question Paper contains 12 printed pages.*

***(Section - A, B, C & D)***

Sl.No. 2670

**05(U)**

**(MARCH, 2020)**

**(New Course)**

---

***Maximum Marks : 80]*** ***[Time : 3 Hours***

## ہدایات :

1) واضح صاف لکھاوٹ میں لکھیں۔

2) اس سوالیہ پرچہ میں A, B, C, & D چار سیکشن اور سوالیہ نمبر 1 سے 58 ہیں۔

3) تمام سوالات لازمی ہیں۔ صرف داخلی اختیارات ہیں۔

4) بائیں جانب کی تعداد سوال کے نشانات کی نمائندگی کرتی ہے۔

5) جہاں بھی ضروری ہو صاف خاکہ اُتاریئے۔

6) نئے پرچے پر نئے حصے لکھے جائیں۔ جوابات کو عددی ترتیب میں لکھیں۔

---

## SECTION - A

### (حصّہ نثر)

(الف) ذیل میں دی گئی جوڑیاں درست کر کے دوبارہ لکھیے۔ [5]

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | چوری اور اس کا کفارہ | (A) | مولوی عبدالحق |
| 2. | آزمائش | (B) | بھیک |
| 3. | رجنی | (C) | عورتوں کے حقوق |
| 4. | سرسیّد احمد خاں | (D) | محمد مجیب |
| 5. | مخلوط زبان | (E) | سیّد عابد حُسین |

(ب) ذیل کے سوالات کے جواب صحیح متبادلات میں سے لکھیے۔

6. ''پرماتما کا شکر کرو' اتنی بڑی مصیبت آئی اور گزر گئی' یہ جُملہ کون کہتا ہے؟ [1]

(A) بھاگ وتی (B) رام سہائے

(C) پہلا سپاہی (D) ملازم

7. مرنے سے چند گھنٹے پہلے ماں بی بی نے سرسیّد کو کونسا شربت پلایا؟ [1]

(A) فالسے کا (B) نارنجی کا

(C) شہتوت کا (D) تُلسی کا

8. گاندھی جی اوران کے ایک عزیز خودکشی کا ارادہ کرکے پہلے کونسے مندر میں درشن کرنے گئے؟ [1]

(A) رام جی مندر (B) وِشنو مندر

(C) کیدار جی مندر (D) لکشمی مندر

(ج) ذیل میں دئے گئے سوالوں کے جواب ایک جُملے میں لکھئے۔

9. لیڈروں کی عظمت کا اندازہ منگو کیسے کیا کرتا تھا؟ [1]

10. بھولا سبق کے کردار پٹواری کے ہاتھ میں ہلکی ہلکی جھنکار پیدا کرنے والی چیز کیا ہے؟ [1]

11. تربیت یافتہ مُلک کس بات پر بہت غُل مچاتے ہیں؟ [1]

12. ایک عام آدمی کی نظر میں ماحولیاتی مسئلہ بھی کونسا مسئلہ ہے؟ [1]

(د) ذیل میں دئے گئے سوالوں کے جواب تین۔چار جُملوں میں لکھئے۔

13. منگو کوچوان انگریزوں سے نفرت کیوں کرتا تھا؟ [2]

14. سرسّید نے بچپن میں کون کونسے کھیل کھیلے؟ [2]

یا

اطلاعِ عام اشتہار میں راقم محمد دین نے کیا اطلاع دی ہے؟

(ذ) ذیل میں دیئے گئے سوال کا جواب تفصیل سے لکھئے۔

15. چکبستؔ نے جس ماحول میں آنکھ کھولی وہ ماحول کیسا تھا؟ [4]

یا

''صنعتی انقلاب'' سے ہمارے قدرتی وسائل کس طرح متاثر ہوئے ہیں؟

## SECTION - B

(الف) ذیل میں دی گئی جوڑیاں درست کر کے دوبارہ لکھئے۔ [5]

| | | | |
|---|---|---|---|
| 16. | عورتوں یا محبوب سے باتیں کرنا | (A) | فراقؔ گورکھپوری |
| 17. | انتظام، تربیت یا آرائش | (B) | علامہ اقبال |
| 18. | حقیقتِ حسن | (C) | غزل |
| 19. | رگھوپتی سہائے کا تخلص | (D) | اخترؔ شیرانی |
| 20. | اودیس سے آنے والے بتا | (E) | نظم |

21. ہیئت کے اعتبار سے نظم کی کتنی قسمیں ہوسکتی ہیں؟ [1]

(A) تین (B) چار

(C) دو (D) پانچ

22. شاعرِ علامہ اقبال کی پیدائش کس شہر میں ہوئی ؟ [1]

(A) دہلی (B) امرتسر

(C) لاہور (D) سیالکوٹ

23. میر انیس کی نظم کی صنف کونسی ہے؟ [1]

(A) غزل (B) حمد

(C) نعت (D) رُباعی

(ب) ذیل میں دیئے گئے سوالوں کے جواب ایک جُملے میں لکھئے۔

24. حُسن نے خدا سے کیا سوال کیا؟ [1]

25. آندھی نظم میں 'آندھی' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ [1]

26. آلامِ روزگار کو آساں بنا دیا [1]

جو غم مِلا اُسے غمِ جاناں بنا دیا

اِس شعر کے شاعر کون ہیں؟

27. غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟ [1]

(ج) ذیل میں دیۓ گۓ سوالوں کے جواب تین۔چار جملوں میں لکھیۓ۔

28. ''خیموں کا ایک جنگل دیکھا'' اس مصرع میں شاعر نے کس منظر کی عکّاسی کی ہے؟ [2]

29. 'بستی بسنا کھیل نہیں بستے بستے بستی ہے' اس مصرع میں بستی اور بستی لفظ کا فرق واضح کیجیۓ۔ [2]

یا

دل میں فروتنی کو جا دینے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ (رُباعی)

(د) ذیل میں دیۓ گۓ سوال کا جواب تفصیل سے لکھیۓ۔

30. ''گرمی اور دیہاتی بازار'' کی منظر کشی کو اپنے الفاظ میں لکھیۓ۔ [4]

یا

پردیس میں وطن سے آنے والے شخص سے شاعر بے تاب ہو کر کیا پوچھتا ہے؟

## SECTION - C

■ ذیل میں دئے گئے الفاظ کے صحیح اِملا تلفظ پہچان کر الفاظ دوبارہ لکھئے۔ [1]

31. ماروف ،معروف ،معرُوپھ

32. ناشپاتی ،ناصپاتی، ناسپاتی

■ مرکب الفاظ پہچان کر لکھئے۔ [1]

33. قوائد ،اہلِ کمال، انجمن، قلعہ شِکن

■ ذیل میں دئے جُملوں میں مصدر پہچانئے۔ [1]

34. آج امّی نے گاجر کا حلوہ بنایا ہے۔

35. عابد سائیکل چلا رہا تھا۔

■ ذیل میں دئے خط کشیدہ لفظ کی اِسم پہچان کر لکھئے۔ [1]

36. چکبستؔ نے رامائن کا ایک سین کھینچا ہے۔

■ ذیل میں دئے گئے جُملے میں صفت پہچان کر لکھئے۔ [1]

37. مگر استاد منگو کو اُن کے کپڑے میلے میلے کیوں نظر آئے؟

■ ذیل میں دیے گئے الفاظ کی اِسم کیفیت بنائیے۔ [1]

38. بدگمان

39. تیزاب

■ ذیل میں دیے گئے جُملوں میں فاعِل پہچان کر لکھیے۔ [1]

40. کیلاش کے دِل میں دیا اُبل پڑی۔

جادوگر اپنا جادو کرتا رہا۔

■ ذیل میں دیے گئے خط کشیدہ الفاظ کی واحِد کی جمع اور جمع کی واحِد لکھیے۔ [1]

41. یہ بات نہ تھی کہ ہم اس عادت کو اچھا سمجھتے ہوں۔

42. اغراض کے لئے مترادف الفاظ کا کثرت سے ہونا لازمی ہے۔

■ ذیل میں دیے گئے شعر کی صنعت پہچانیے۔ [1]

43. گزرما تیرے کوچے سے یوں ہے اے ظالم

کہ جیسے ریت سے پانی کی دھار گزرے ہے

■ ذیل میں دیئے گئے غیر معیاری الفاظ کے معیاری الفاظ لکھیے۔ [1]

44. کبھو

45. گُٹھریا

■ مجموعۂ الفاظ کے لئے جامع لفظ لکھیے۔ [1]

46. کِسی گناہ یا قصور کا بدلہ جو قصور وار سے ادا ہوتا ہے۔

یا

کِسی شاعر کی غزلوں اور نظموں کا مجموعۂ

■ ذیل میں دیئے گئے جُملے میں ضمیر پہچانیئے۔ [1]

47. ارے وہی یوسف میاں کی منگیتر؟ وہ تو مورچوں پر لڑی بھی تھی۔

■ ذیل میں دیئے محاورے کا معنی لِکھ کر محاورے کو جُملے میں استعمال کیجئے۔ [1]

48. جان میں جان آنا

یا

ہوا سے باتیں کرنا

■ ذیل میں دیے گئے سابقے اور لاحقے کا استعمال کر کے دو۔ دو الفاظ بنائیے۔ (کوئی دو) [1]

49. دار، مند، کش، بد

■ ذیل میں دی گئی کہاوت سمجھائیے۔ [2]

50. بدن پر نہیں لتّا پان کھائے البتّہ

یا

لاکھ کا گھر خاک ہو گیا۔

■ ذیل میں دیے گئے الفاظ کے مترادف الفاظ لکھیے [1]

51. مقدّس، لغزش، توکّل، حلقہ

■ ذیل میں دیے گئے جملوں کی ترتیب درست کیجیے۔ [2]

52. بنا کر ایک ڈنڈے گھوڑا اُسے رہا تھا بھگا کو لکڑی۔

53. زبان کا یونانی ڈراما ہے لفظ۔

■ ذیل میں دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھیے۔ [1]

54. جدید، خوش گمان، ہستی، فنا

## SECTION - D

(الف)ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے۔ [4]

55. دنیا نے کس کا راہِ فنا میں دیا ہے ساتھ
تم بھی چلے چلو یوں ہی جب تک چلی چلے

یا

لاکھوں ہی مسافر چلتے ہیں، منزل پہ پہنچتے ہیں دو ایک
اے اہلِ زمانہ قدر کرو، نایاب نہیں کامیاب ہیں ہم

(ب)ذیل میں دیے گئے اقتباس کا 1/3 اختصار کیجئے۔ [4]

56. بے شک ہر شخص کو جس طرح اپنے ہونے کا یقین ہے اسی طرح اس بات کا بھی یقین ہے کہ ایک روز ہم نہ ہونگے مگر سوال یہ ہے کہ اس پچھلے یقین سے ہم کو کیا سبق لینا چاہیئے؟ کیا یہ سبق کہ تمام دنیا کو مع اپنی ہستی کو ناپائیدار سمجھ کر جیتے جی مرجائیں اور خاک ہونے سے پہلے خاک ہو جائیں! یا یہ نصیحت کہ اس ناگزیر وقت کے آنے سے پہلے جس قدر مہلت ملے اس کو غنیمت سمجھ کر ہاتھ پاؤں ماریں اور خدا کی اس نعمتِ عظمیٰ سے جہاں تک ہو سکے آپ اور دوسرے فائدہ اٹھائیں۔

(ج) .57 اپنے اِسکول میں منائے گئے ''یومِ اساتذہ'' پر 100 لفظوں پر مُشتمِل احوال لکھئے۔ [4]

یا

آپ کے محلّے میں کُوڑا جمع ہونے سے گندگی پھیل رہی ہے، اسلئے صفائی کرانے کے لئے میونسپل کمیشنر کو شکایت کرتے ہوئے عرضیہ لکھئے۔

(د) کِسی بھی ایک عنوان پر 200 لفظوں پر مشتمِل مضمون لکھئے۔ [8]

.58 آؤ، ماحول، بچائیں،

یا

زندگی میں صفائی کی اہمیت

یا

موبائیل فون کے فائدے اور نقصانات

☆☆☆